20/01/2025

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ تجمل احمد سے خبریں سُنئے

ٹرمپ

امریکہ میں سینئر سیاسی لیڈر ڈونالڈ ٹرمپ آج ملک کے 47 ویں صدر کی حیثیت سے عہدے اور میں آج شام بھارتی Capital Rotunda روزداری کا حلف لے رہے ہیں۔ حلف برداری کی تقریب وقت کے مطابق ساڑھے آٹھ بجے منعقد ہوگی ۔

کو امریکہ کے نائب صدر کی حیثیت سے حلف دلایا جائے گا ۔ Vance اسی تقریب میں جے ڈی حلف برداری کی تقریب میں بھارتی وزیر خارجہ ایس جے شنکر کے ساتھ دیگر کئی ممالک کے سینئر حکام بھی شرکت کریں گے ۔

فورم

عالمی اقتصادی فورم کا اجلاس آج سویزر لینڈ کے شہر
داو

س میں شروع ہو رہا ہے ۔ فورم کا یہ 55 واں اجلاس پانچ دن تک جاری رہے گا ، جس میں ¾ بھارت کے شمولیاتی نمو اور ڈیجیٹل انقلاب کے ماڈل پر روشنی ڈالی جائے گی ۔

بھارتی وفد کی قیادت اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو کر رہے ہیں ۔

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے سٹارٹ اپ انڈیا کے 9برس مکمل ہونے پر کہا ہے کہ ملک کا سٹارٹ اپ کلچر محض بڑے شہروں تک محدود نہیں بلکہ آدھے سے زیادہ سٹارٹ اپس چھوٹے شہروں سے بھی ہیں۔ انہوں نے نوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ سٹارٹ اپ اسکیم سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھا کر با وقار روزگار کمائیں ۔

---(PM)--Byte-

سنہا

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے سرحدی علاقوں کے یوتھ ایکسچینج پروگرام میں شرکت کرنے والے چند نوجوانوں سے کہا ہے کہ وہ سماجی و اقتصادی ترقی میں اپنا کردار ادا کر کے وکست بھارت کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے میں تعاون دیں ۔

اتر پردیش ، دلی ، ہریانہ ، راجستھان اور مدھیہ پردیش سے تعلق رکھنے والے یہ نوجوان جموں کے پانچ روزہ دورے پر ہیں۔ اس پروگرام کا اہتمام امور نوجوان اور کھیل کود کی وزارت کے تحت آنے والے نہرو یووا کیندر نے کیا ہے ۔

جتیندر سنگھ

مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ جنوری 2019 ادھمپور ، کٹھوعہ ، ڈوڈہ لوک سبھا حلقے کے لئے ایک اہم مہینہ تھا ۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ اس سال جنوری کے مہینے میں اس حلقے میں دو اہم پروجیکٹ شروع کئے گئے جن میں ادھمپور کا ریڈیو اسٹیشن اور کیڈیاں گنڈیال پُل شامل ہیں ۔

راجوری

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہاہے کہ راجوری کے بڈھال
گاو

ں میں گذشتہ 45 روز کے اندر 17 افراد کی پر اسرار موت کا پتہ لگانے کے لئے کوششیں ۂ جاری ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ اگر چہ صحت اور متعلقہ محکموں نے اس سلسلے میں چھان بین کی تاہم ابھی تک وجوہات کا پتہ نہیں چل سکا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ اب پولیس نے ایک گیارہ رکنی خصوصی تحقیقاتی ٹیم تشکیل دی ہے ۔

اس دوران ایک بین وزارتی ، مرکزی ٹیم نے مقامی انتظامیہ کے تعاون سے اپنی سطح پر تحقیقات شروع ع کی ہے ۔ مقامی انتظامیہ نے بڈھال میں موجود ایک قدرتی چشمے کو فی الحال سر بمہر کر دیا ہے، جس میں کیڑے مار ادویات کا اثر پایا گیا ہے ۔

سرینگر

نے 13 ویں یوم قیام کے موقعے پر سرینگر میں ایک پروگرام NDRF اور SDRF جموں کشمیر منعقد کیا ۔ اس سلسلے میں باغات برزلہ میں واقع بٹالئن ہیڈ کوارٹروں میں ایک مشترکہ مارچ فسٹ بٹالئین کے کمانڈنٹ مسرور احمد نور نے SDRFپاسٹ کا انعقاد کیا گیا ۔ تقریب کی صدارت کی ۔

کارنیول

جموں کشمیر ڈے منانے کی ایک کڑی کے تحت نئی دلی کے نِیو موتی باغ کلب میں ایک وِنٹر کارنیول منعقد کیا گیا ۔ یہ کارنیول ریزڈنٹ کمشن جموں کشمیر نے نیو موتی باغ کے رہائشیوں کی ویلفئیر ایسو سی ایشن کے باہمی اشتراک سے منعقد کیا ۔

کارنیول میں مقامی لوگوں خاص طور پر سینئر بیوروکریٹوں اور ان کے اہل خانہ نے حصہ لیا ۔ پروگرام کے دوران جموں کشمیر کی اہم مصنوعات کی نمائش کی گئی ۔

کھو کھو

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیر اعظم نریندر مودی نے کھو کھو عالمی کپ 2025 جیتنے پر بھارت کی مرد اور خواتین ٹیمونکو مبارک باد پیش کی ہے ۔ سوشل میڈیا کی سلسلہ وار پوسٹس میں وزیر اعظم نے کہا کہ چمپئین شپ میں بھارتی ٹیم کے کھلاڑیوں کا جزبہ قابل ستائش ہے ۔

واضح رہے کہ بھارت نے کھو کھو عالمی کپ 2025 میں شاندار تاریخ رقم کی ہے ۔ فائنل میچ میں بھارت کی مردوں کی ٹیم نے نیپال کی ٹیم کو 54-36 کے سکور سے جبکہ خواتین کی ٹیم نے نیپال کی ٹیم کو 78-40 کے سکور سے ہرا کر جیت درج کی ہے ۔

فٹ بال

رئیل کشمیر فٹ بال کلب نے TRC گراونڈ سرینگر میں I-League میچ کی میزبانی کی ۔ میچ میں رئیل کشمیر فٹ بال کلب نے سپورٹنگ کلب بنگلورو کے خلاف ایک کے مقابلے میں تین گول سے جیت درج کی ۔

ڈپٹی کمشنر سرینگر ڈاکٹر بلال محی الدین نے اس موقعے پر مہمان خصوصی کی حیثیت سے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کی ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ

****